© rasailojaraid.com



خیر خواہی کے پیش نظر مرحوم نے موت اور ما بعد الموت کے حالات اور واقعات سے متعلق صحیح روایات اور احادیث مبارکہ کے جمع و ترتیب کا کام شروع کر دیا تھا مگر ابھی پیش لفظ اور چند ابتدائی سطور ہی لکھنے پائے تھے کہ عازم اقلیم عدم ہو گئے۔ تاہم مرحوم کے جلیل القدر فرزند مولانا محمد سعید نے بڑی محنت، عرق ریزی اور حسن سلیقہ سے اس کتاب کی تکمیل کر دی اور کتاب کا انتساب بطور امتنان و احسان مندی اپنے والد صاحب کی طرف کر دیا۔ کتاب اہل علم اور تبلیغی احباب، خطباء، واعظین اور عامۃ المسلمین میں مقبول رہی ہے، کافی عرصہ سے نایاب تھی کہ اب مکتبہ رشیدیہ نے پھر سے اپنی شاندار روایات کو ملحوظ رکھ کر بہترین اور مثالی طباعت کے ساتھ بے حد ارزاں قیمت پر اہل اسلام کی خدمت میں پیش کر دی ہے اس کتاب کو جتنا بھی زیادہ پھیلایا جائے گا، مساجد اور تبلیغی حلقوں میں پڑھ کر سنایا جاتا رہے گا تو فکر آخرت کے اہتمام کی ترویج ہوتی رہے گی۔

**ماہنامہ حق چار یار** | زیر سرپرستی: حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب ——— مجلس ادارت: مولانا محمد طیب صاحب، جناب شبیر احمد نفیسی ——— سالانہ چندہ: ۵۰/- روپے ——— پتہ: ماہنامہ حق چار یار، مدینہ بازار، ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور

رفض و بدعت اور عداوت صحابہؓ اس دور کا عظیم تر اور امت مسلمہ کیلئے خطرناک فتنہ ہے۔ ایرانی انقلاب اور خمینیت کی ترویج اور تعارف، عظمت صحابہؓ ہی کے خلاف ایک منظم انقلابی سازش ہے۔ ایسے حالات میں جتنا بھی عظمت اور دفاع صحابہؓ پر لکھا جائے کم ہے۔ الحمد للہ کہ اہل سنت میں بیداری اور فکر امت کے جذبات اُبھر رہے ہیں۔ پیش نظر رسالہ "حق چار یار" بھی اسی سلسلہ زریں کی ایک کڑی ہے، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ رسالہ دفاع صحابہؓ کا علَم لے کر نکلا ہے۔ مختلف فرقوں، طبقوں، جماعتوں اور نام نہاد مذہبی سکالروں کی طرف سے صحابہ کرامؓ پر خصوصاً خلفاء راشدینؓ پر جو زبان طعن دراز کی جا رہی ہے اُن کا دلائل و براہین سے رد کرنا اس رسالہ کے فرائض میں شامل ہے۔ یہ رسالہ تحریک خدام اہلسنت پاکستان کا ترجمان ہے اور اسے حضرت العلامہ مولانا قاضی مظہر حسین صاحب مدظلہ کی سرپرستی اور راہنمائی حاصل ہے ——— ہر شمارہ میں صحابہ کرامؓ اور اہلبیت عظامؓ کے سبق آموز واقعات اور پاکیزہ تعلیمات، مستند تاریخی حالات پر جامع مضامین اور اہلسنت کے خلاف ملکی اور عالمی سطح پر ہونے والی سازشوں کو وقیع تحریروں کے ساتھ بے نقاب کیا جاتا ہے اور آئے دن پیش آنے والے مسائل میں اہلسنت کی بھرپور ترجمانی کی جاتی ہے ——— اداراتی تحریریں بھی حضرت قاضی صاحب موصوف لکھتے ہیں۔ ترتیب و تزئین جناب شبیر احمد نفیسی بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیتے ہیں۔

بہرحال اس پرچہ کے مطلع صحافت پر طلوع ہونا ایک قابل قدر اضافہ اور لائق صد تبریک اقدام ہے۔ ادارہ "الحق" معاصر "حق چار یار" کو خوش آمدید کہتا ہے اور اس عظیم جہاد کے شروع کرنے اور اس پر سرگرم عمل رہنے کی توقعات کے ساتھ ساتھ تمام مسلمانوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اس رسالہ کی زیادہ سے زیادہ اشاعت میں دل کھول کر بھرپور حصہ لیں۔



© rasailojaraid.com